تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت

K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-35856304 فیکس 042-35834000

E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org


تنظیم اسلامی

28-فروری 2020ء

# پریس ریلیز

## عالمی برادری بالخصوص مسلمان ممالک بھارت میں مسلمانوں کا قتل عام رکوائیں-**حافظ عاکف سعید**

لاہور(پ ر) امیر تنظیم اسلامی حافظ عاکف سعید نے امریکی صدر ٹرمپ کے اس بیان پر کہ وہ کشمیر کے معاملے میں ثالثی کا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہیں اپنے ردّعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ کا بیان پاکستان کے لیے طفل تسلیوں کے سوا کچھ نہیں۔ ہمارے نزدیک ٹرمپ کی کشمیر پر ثالثی کی پیشکش ایک مکارانہ چال ہے۔ اِس سے پہلے وہ اس حوالے سے فلسطینیوں سے بھی دھوکہ کر چکے ہیں' لہٰذا ہمارے حکمرانوں کو ہوشیار اور محتاط رہنا ہوگا۔ امیر تنظیم اسلامی نے کہا کہ پاکستان کا مسئلہ کشمیر پر ٹرمپ کی ثالثی کو قبول کرنا یو این او کی قراردادوں سے پیچھے ہٹنے کے بھی مترادف ہوگا۔ اُنھوں نے مزید کہا کہ بھارت میں ''شہریت قانون'' کے خلاف مسلمانوں سمیت تمام اقلیتیں طویل عرصے سے احتجاج کر رہی تھیں۔ مگر امریکی صدر ٹرمپ کی آمد پر اس احتجاج کو کچلنے کے لیے مودی سرکار نے آر ایس ایس کے غنڈوں کو جلاؤ گھیراؤ اور قتل عام کی چھوٹ دے دی۔ پولیس اور دیگر فورسز نے مسلمانوں کو تحفظ دینے کی بجائے آر ایس ایس کا ساتھ دیا۔ مساجد و مدارس اور بستیوں کو جلایا گیا جبکہ مسلمانوں کو شہید اور زخمی کیا گیا۔ اُنھوں نے کہا کہ عالمی برادری بالخصوص مسلمان ممالک کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ مجرمانہ خاموشی ترک کر کے اپنی ذمہ داری ادا کریں اور بھارت میں مسلمانوں کا قتل عام رکوانے کے لیے مقدور بھر جدوجہد کریں۔

کرونا وائرس کے حوالے سے اُنھوں نے کہا کہ یہ پوری دنیا کے لیے اللہ تعالیٰ کی جانب سے ایک وارننگ اور عذاب ہے۔ ضرورت اس اَمر کی ہے کہ ہم مسلمان میڈیکل سائنس کی جدید سہولیات اپنے تحفظ کے لیے استعمال تو ضرور کریں لیکن کرنے کا اصل کام یہ ہے کہ ہم نے اللہ اور رسول ﷺ کے خلاف جو بغاوت برپا کر رکھی ہے اُس سے باز آئیں اور رجوع الی اللہ کرتے ہوئے اپنے انفرادی اور اجتماعی گناہوں سے توبہ کریں تاکہ اللہ کی طرف سے آیا ہوا یہ عذاب ٹل سکے اور آخرت کے عذاب سے بھی ہم بچ سکیں۔

جاری کردہ

(ایوب بیگ مرزا)

ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی

0321-4893436

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 28 February 2020**

**(Hafiz Aakif Saeed)**

**Lahore (PR): "The international community, especially the Muslim countries, ought to take concrete actions to stop the slaughter of Muslims in India."**

The Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, while commenting on the statement of the US President Donald Trump that USA is prepared to mediate on the Kashmir issue, remarked that this'proclamation' of Trump is nothing more than mere lip service aimed at 'satisfying' Pakistan.In our considered opinion, Trump's offer of mediation on the Kashmir issue is, in fact, part of a ploy based on deception. The US President has already betrayed the Palestinians in a similar matter, hence our rulers ought to remain vigilant and careful while dealing with this issue.The Ameer of Tanzeem-e-Islami noted that Pakistan's acceptance of Trump's offer of mediation on the Kashmir issue would also be tantamount to relinquishing the UN resolutions on Kashmir. He further stated that the minorities of India, including Muslims, had been protesting against the "Citizenship Law" for a while, yet during the recent visit of the US President Donald Trump to India, the Modi regime gave a free hand to the RSS goons to run amok and loot, plunder, assault and slaughter Muslims, all in order to quash the protests. The Indian police and other security forces fully reinforced the RSS goons, instead of protecting the Muslims. The RSS goons torched Mosques, Madrassas and entire townships, while Muslims were martyred and injured at will. He asserted that the international community, especially the Muslim countries, ought to break their criminal silence and perform their due responsibility by taking concrete actions to make serious efforts and stop the slaughter of Muslims in India.

While expressing his views on the pandemic of coronavirus, the Ameer said that the outbreak, mutation and spread of this virus is a warning and wrath of Allah *(SWT)* for the whole world. He asserted that while it is necessary for Muslimsto use the facilities available in modem medicine to protect themselves from the disease, however the real and pivotal task to do is that we immediately cease our betrayal of Allah *(SWT)* and His *(SWT)* Messenger *(SAAW)* and seek forgiveness of Almighty Allah *(SWT)* for our individual and collective sins by reverting to His *(SWT)* commandments (Islam as a Deen), so that we could become eligible for His *(SWT)* absolution from this worldly wrath and that we may be spared from torment in the Hereafter.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**